تبصرے

آج کا پاکستان از جناب احمد سعید صاحب ملیح آبادی اڈیٹر روزنامۂ آزاد ہند، کلکتہ، تقطیع متوسط ضخامت ۲۸۰ صفحات، کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد -/15 پتہ: دفتر آزاد ہند نمبر ۲۲ - اے بساگردت لین، کلکتہ - ۱۲۔

لائق مولف اُردو زبان کے مشہور صحافی ہیں اور اپنی سمجھ بوجھ بالغ نظری، حسن نگارش اور فنی لیاقت وقابلیت کے باعث اپنا ایک خاص مقام رکھتے ہیں، ۱۹۷۴ء میں پاکستان میں جو دوسری اسلامی سربراہ کانفرنس منعقد ہوئی تھی موصوف ہندستان کے واحد جرنلسٹ تھے جو اُس میں شریک ہوئے تھے، کانفرنس کے اختتام پر انھوں نے پورے ملک کا دورہ کیا، ہر چیز بصیرت اور بصارت سے دیکھی، عمائدِ حکومت اور مختلف جماعتوں اور پارٹیوں کے لیڈروں سے بحیثیت ایک صحافی کے انٹرویو لئے، وطن واپس آکر موصوف نے اپنے مشاہدات وتاثرات قسطوار اپنے اخبار میں لکھے تھے جو اس درجہ مقبول ہوئے کہ متعدد اخبارات نے انھیں نقل کیا اور بعض انگریزی اخبارات نے اُن کی تلخیص اپنے یہاں انگریزی میں شائع کی، اس کے بعد پبلک کے مطالبہ پر انھیں مضامین کو از سرِ نو مرتب کرکے اور اُن میں بہت کچھ اضافہ کرکے زیر تبصرہ کتاب کی شکل میں شائع کردیا گیا ہے۔

کتاب دو حصوں پر تقسیم ہے، پہلے حصہ میں جو صفحہ ۱۶۸ تک پھیلا ہوا ہے، پاکستان کی معیشت ومعاشرت، اُس کی داخلی پالیسی اور خارجہ پالیسی میں چین امریکہ، روس، ایران اور عرب ممالک کے ساتھ اس کے تعلقات کی نوعیت